Prime Minister Shri Narendra Modi speaks on telephone with H. E. Fumio Kishida, Prime Minister of Japan

October 08, 2021

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے جاپان کے وزیراعظم عزت مآب جناب فومیو کیشیدا سے فون پر بات کی

نئی دہلی،08 اکتوبر، 2021 / وزیراعظم جناب نریندر مودی نے آج جاپان کے وزیر اعظم عزت مآب جناب فومیو کیشید سے ٹیلی فون پر بات کی۔

وزیر اعظم نے جاپان کے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے پر عزت مآب کیشیدا کو مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کی۔

دونوں رہنماؤں نے بھارت اور جاپان کے درمیان خصوصی دفاعی اور عالمی شراکت داری میں تیز رفتار ترقی پر اطمینان کا اظہار کیا اور مختلف میدانوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات سے اتفاق کیا۔ جس میں خاص طور پر اعلیٰ ٹکنالوجی اور مستقبل کے شعبے بھی شامل ہیں۔ وزیراعظم نے جاپانی کمپنیوں کو مدعو کیا کہ وہ مزید سرمایہ لگا کر بھارت کی اقتصادی اصلاحات سے فائدہ اٹھائیں۔

دونوں رہنماؤں نے بھارت بحرالکاہل خطے میں بھارت اور جاپان کے درمیان منظر نامے کی بڑھتی ہوئی مطابقت اور بڑے پیمانے پر کیے جانے والے تعاون پر بھی بات چیت کی۔ انہوں نے اس سلسلے میں کواڈ لائحہ عمل کے تحت تعاون کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔

وزیراعظم نے عزت مآب کیشیدا کو دو طرفہ سربراہ میٹنگ کے لیے جلد از جلد بھارت کے دورے کے لیے مدعو کیا۔

نئی دہلی
اکتوبر 2021 08

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.